سوال

(517)مقتدی کےلیے مخصوص آیات کے جوابات دینا

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

جمعہ کی نماز میں جب امام صاحب سَبِّحِ اسْمَ رَبِّکَ الاَعلٰی پڑھتے ہیں تو مقتدی جہری آواز میں ''سُبحَان رَبِّیَ الاَعلٰی''کہتے ہیں۔ اب ایک مولوی صاحب نے ارشاد فرمایا ہے کہ یہ حدیث سے ثابت نہیں، تو کونسا فعل ثابت ہے؟ جواب دے کر ممنون فرمائیں۔

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

مقتدی کےلیے مخصوص آیات کے جوابات دینا واقعی کسی صحیح حدیث سے ثابت نہیں۔ مسئلہ ہذا میں تفصیلی بحث قبل ازیں ماہنامہ ''محدث'' لاہور میں چھپ چکی ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ:439

محدث فتویٰ